© rasailojaraid.com



خواجہ صاحب! میں آپ کو اور ساری جماعت احمدیہ کو توجہ دلاتا ہوں کہ اعلان مرزا صاحب سارا پڑھ جائیں، مکرر پڑھیں سہ کرر پڑھیں، ایک لفظ بھی مباہلہ کا پائیں تو میں آپ کے دعوے کو مان جاؤنگا۔

(خادم امت مرزا محمد عبد اللہ معمار امرتسری)

# قادیان سے تفسیر نویسی کا چیلنج اور اُس کا خاتمہ

## ایک احمدی کا مکرر ولولہ

ناظرین کو یاد ہوگا کہ مرقع قادیانی بابت جنوری ۳۲ئہ میں تفسیر نویسی کا مضمون مفصل درج ہو چکا ہے۔ جس میں از ابتدا تا انتہا سب واقعات مطبوعہ تحریرات سے نقل کردئے ہیں۔ جن کا خلاصہ یہ ہے کہ خلیفہ قادیان نے باپ کی طرح علماء دیو بند کو تفسیر نویسی اور قرآنی معارف نمائی کا چیلنج دیا۔ علماء دیوبند کی طرف سے خاکسار نے چیلنج منظور کیا۔ شرط شروط پر گفتگو رہی، آخر کار میں نے سب کچھ مان لیا۔ یعنی فریق ثانی نے چند کتابیں ساتھ رکھنے کی اجازت چاہی، میں نے منظور کرلی۔ صرف اتنی شرط رکھی کہ تفسیر عربی زبان کے قواعد کے ماتحت ہوگی۔ یہ شرط کوئی ناقابل قبول نہیں ہوسکتی۔ سب کچھ مانکر میں نے لکھدیا تھا کہ شہر بٹالہ متصل قادیان کی جامع مسجد میں آکر ہر دو تفسیر لکھیں۔ اس پر خاموشی رہی۔

اگرچہ غیر معتدل سلسلہ پیری مریدی انسان کو گونگا بہرا بنا دینے میں کافی اثر رکھتا ہے، تاہم مستثنٰے بھی ممکن ہے۔ اس لئے ایک احمدی کے دل میں گدگدی اُٹھی کہ ہیں یہ تو بڑی سخت ہزیمت ہے کہ فریق مخالف کو للکارا جائے اور پھر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خاموش بیٹھا جائے۔ اس لئے اس احمدی نے جلسہ سالانہ قادیان میں خلیفہ قادیان کو واقعہ یاد دلا کر توجہ دلائی کہ آپ اپنی تقریر میں واقعہ تفسیر نویسی پر بھی روشنی ڈالیں۔ مجھے اس کا علم ہوا تو میں اُس دلیر احمدی سے پوچھا کہ اصل واقعہ کیا ہے؟ اُس نے میرے سوال کا جواب مندرجہ ذیل خط میں دیا۔

" از عمر الدین شملوی۔

بخدمت جناب مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری۔ آپ نے دریافت فرمایا ہے کہ سالانہ جلسہ قادیان کے موقع پر میں نے حضرت میاں صاحب کو تفسیر نویسی کے متعلق یاددہانی کی تھی اس کی اصل حقیقت کیا ہے؟ جواباً عرض ہے کہ میں نے واقعی یاددہانی کی تھی۔ مگر حضرت صاحب نے کوئی جواب نہیں دیا۔ میں نے تین مرتبہ میاں صاحب کو یاد دلایا اور بڑی تاکید کی تھی مگر افسوس کہ باوجود آپ کا ذکر آنے کے بھی اس تفسیر نویسی کے مقابلہ کو میاں صاحب ایسے بھلا گئے کہ گویا کوئی واقعہ ہی نہیں ہوا۔

آپ نے جب شملہ میں میاں صاحب کو لکھ کر بھیجا تھا کہ وہ بوقت مقابلہ در تفسیر نویسی جو جو کتاب اُردو۔ فارسی۔ عربی اپنے پاس رکھنا چاہیں رکھ لیں۔ میں نے اسی وقت حضرت میاں صاحب کی خدمت میں بڑے زور سے تحریراً عرض کی تھی کہ وہ اب تفسیر نویسی کے مقابلہ میں کسی طرح پس وپیش نہ کریں۔ کیونکہ فریق مقابل نے جملہ شرائط کو مان لیا ہے بلکہ ضرورت سے زائد ہی بات مان لی ہے۔ ورنہ بہتر تو یہی ہوتا کہ مقابلہ کے وقت کوئی تفسیر وغیرہ دیکھنے کی اجازت نہ ہوتی جو کچھ خدا تعالےٰ اپنے علم سے دل میں ڈالے یا جس قدر فہم میں روشنی اس وقت عطا ہو' اسی کے مطابق لکھا جائے۔ اور اگر ایسا لکھا ہوا پہلی کتابوں میں موجود ہو تو سمجھ لیا جائے کہ کوئی تائید و نصرت خدا کی طرف سے نہیں ہوئی۔

میں نے یہ بھی لکھدیا تھا کہ اگر اب آپ نے مقابلہ نہ کیا تو یہ صاف شکست سمجھی جائیگی۔ جب میں قادیان سالانہ جلسہ کے موقعہ پر پہنچا اور تین مرتبہ آپ کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جواب کیلئے یاد دہانی کے طور پر خط لکھا۔ رقعہ بھیجا۔ پھر خط لکھا۔ مگر جواب ندارد۔ خدا جانے کیا بھید ہے، ورنہ میاں صاحب کا دماغ بہت اعلےٰ اور جدت پسند ہے اور میرے خیال میں وہ آپ کی نسبت بہت بہتر لکھنے والے ہیں[1]۔ آپ کہہ سکتے ہیں کہ "نہیں میاں صاحب کا دماغ ایسا نہیں ہے"۔ مگر جس شخص نے کبھی ان کی تقریر سُنی ہو یا درس قرآن مجید کے نوٹ دیکھے ہوں وہ یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ بلاشبہ قدرت نے جناب میاں صاحب کو بہت اعلےٰ دماغ عطا فرمایا ہے۔ گو بعض اوقات غلطیاں بھی ہو جاتی ہیں اور میاں صاحب حضرت مسیح موعود کے خلاف بات کہہ جاتے ہیں۔ مگر بایں ہمہ وہ بہت سی لطیف باتیں ایسے پیرایۂ جدید میں بیان کر جاتے ہیں کہ سننے والا داد دئے بغیر نہیں رہ سکتا[2]۔ اور میرا یقین ہے کہ اگر آپ سے تفسیر نویسی میں اسطرح مقابلہ ہو جسطرح حضرت میاں صاحب چاہتے ہیں۔ یعنی مختلف تفاسیر کو دیکھ دیکھ کر نئی باتوں کو بیان کرنا تو وہ یقیناً آپ سے تو بہت ہی بہتر تفسیر لکھینگے۔ مگر میرے خیال میں یہ ان کی فضیلت کی کوئی بڑی دلیل نہیں ہو سکتی۔ اور اس سے یہ ثابت نہیں ہو سکتا کہ خدا تعالےٰ کی تائید و نصرت ان کے شامل حال ہے۔ کیونکہ اسطرح کے مقابلہ میں تو ہر تیز فہم انسان دوسرے کم فہم انسان پر غالب آسکتا ہے۔ خواہ اس کم فہم انسان کو کتنا بھی علم کیوں نہ ہو۔ مثل مشہور ہے "یک من علم را دہ من عقل باید"۔ یعنی اگر دس گنا عقل نہ ہو تو علم بیکار ہے۔

ہاں یہ مقابلہ صدق و کذب کا معیار ہو سکتا ہے۔ جب حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) کی طرح تفسیر نویسی کا چیلنج ہو اور پھر اسی طرح مقابلہ ہو۔ آپ کو معلوم ہے کہ حضرت اقدس (مرزا صاحب) نے جب اپنے مقابل تمام علماء زمانہ کو چیلنج کیا۔ تو آپ (مرزا صاحب) نے فرمایا کہ تفسیر نویسی کے وقت کسی قسم کی کتاب

---

[1] آخر مسیح موعود کے بیٹے ہیں۔ ابن الفقیہ نصف الفقیہ ۱۲ (مرقع)

[2] ہم تو باپ بیٹے دونوں کی داد دیتے ہیں۔ ہمارا رسالہ "نکات مرزا" دیکھئے ۱۲ (مرقع)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یا نوٹ وغیرہ ساتھ رکھنے کی اجازت نہ ہوگی۔ بلکہ فرمایا کہ جامہ تلاشی کرلی جائیگی تاکہ کوئی فریق پوشیدہ طور پر اپنے ساتھ کوئی تحریر یا نوٹ وغیرہ لاکر اس سے فائدہ نہ اٹھائے۔ تاکہ معلوم ہو کہ خداتعالے کس کو اپنے علم سے مدد کرتا ہے۔ یا یہ کہ اس کی تائید و نصرت کس کے شامل حال ہے۔ یہی چیلنج تھا جس کو آپ نے ان الفاظ میں دُہرایا ہے ؎

آدمی زادہ نہ دارد ہیچ فن

تا دریں میداں بیاویزد بمن

یعنی یہ کسی انسان کی طاقت نہیں کہ علم قرآن یا علم عربی زبان یا علم غیب از وحی خلاق جہان میں میرا مقابلہ کر سکے۔ اس قسم کا مقابلہ بلاشبہ ایک حجت روشن ہے جس کا انکار مشکل ہے۔ مگر جو مقابلہ میاں صاحب کیا چاہتے ہیں وہ کوئی ایسی حجت قطعی نہیں ہوسکتی۔ لیکن تاہم غنیمت ہے۔ مگر افسوس یہ ہے کہ وہ پہلے تو بڑے زور سے آگے بڑھے اور ۱۰ مارچ ۱۹۳۰ء کے الفضل میں شائع کرادیا کہ

"میرے مخالف پہلے کسی حصہ قرآن مجید کو اچھی طرح سے مطالعہ کرلیں اور خوب غور کرلیں اور مجھے اس کا پتہ بھی نہ دیں۔ اور پھر مقابلہ کے وقت وہ اسی حصہ قرآن مجید کی تفسیر لکھیں۔ اور مجھے اسی وقت اس حصہ قرآن کا پتہ دیں تو بھی میں خدا کی تائید و نصرت سے مسیح موعود کے علم کلام کی روشنی میں وہ معارف بیان کرونگا کہ مخالفین مقابلہ میں عاجز ہوجائینگے" (مفہوم)

نہ صرف یہ بلکہ بڑی صفائی سے آپ پہلے یہ بھی شائع کراچکے تھے کہ

"اگر حقائق اور معارف سے وہ حقیقی معارف مراد ہیں جن سے قرآن کریم بھرا پڑا ہے اور جن میں انسان کے اخلاق اعمال کی درستی اور اس کے تعلق باللہ کے اعلےٰ سے اعلےٰ ذرائع بیان کئے گئے ہیں، تو ان کے لکھنے میں ان مولویوں کو میں اپنے مقابلہ پر بلاتا ہوں۔ اگر وہ آئے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تو دیکھینگے کہ حضرت مرزا صاحب کے ایک ادنےٰ غلام کے مقابلہ ان کا کیا حشر ہوتا ہے۔ ان کی قلمیں ٹوٹ جائینگی، ان کے دماغوں پر پردے پڑ جائینگے اور وہ کچھ نہیں لکھ سکیں گے۔ ان میں اگر ہمت و جرأت ہے تو مقابلہ پر آئیں۔" (الفضل ۱۶- جولائی ۱۹۲۵ء)

جس ہمت اور شجاعت باطنی کا مظاہرہ اس چیلنج میں ہے یقیناً یہ ایک برہان قاطع ہے۔ اگر واقعی ایسا ہو جائے۔ مگر افسوس یہ ہے کہ نقل کرنے میں تو حضرت میاں صاحب نے کمی نہیں کی، لیکن جب مقابلہ پر آپ آ گئے تو میاں صاحب نے خاموشی اختیار کرلی۔ شاید یہ بھی کسی مصلحت پر مبنی ہو، مگر میں تو مجبور ہوں کہ یہ کہہ دوں کہ ان کا رد یہ صاف بتا رہا ہے کہ وہ اتنا زبردست چیلنج دیکر غالباً دل ہی دل میں اپنی کمزوری کو محسوس کرتے ہوئے خاموش ہو گئے ہیں۔ خدا کرے میرا یہ خیال بالکل غلط ہو اور حضرت میاں صاحب بطور تلافی مافات اب بھی علماء سے اس طرح مقابلہ کرکے مسیح موعود کی صداقت کے ساتھ اپنے مظہر ہونے کا نشان دکھا دیں۔ تو یہ مباہلہ کا بھی جھگڑا ساتھ ہی ختم ہو جائیگا۔ نہ سید محمد شریف صاحب ساکن گھڑیالہ کے ساتھ مباہلہ کی ضرورت رہیگی، نہ مولوی عبدالکریم کے چیلنج مباہلہ سے بچنے کیلئے یہ کہنے کی ضرورت پیش آئیگی کہ مباہلہ جائز ہی نہیں ورنہ میں ضرور مباہلہ کرلیتا۔ کیونکہ یہ قرآنی اصول ہے کہ

لَا یَمَسُّہٗ اِلَّا الْمُطَھَّرُوْنَ

اس لئے تمام مسلمانوں کو آپ کے مطہر ہونے پر ایمان لانا پڑیگا۔ بشرطیکہ حضرت میاں صاحب حسب اعلان خود مقابلہ میں آ گئے اور دوسری طرف آپ نے یا آپ کے ہمخیالوں نے بھی فضول باتوں پر ضد نہ کرتے ہوئے مقابلہ کرنا منظور کرلیا۔ اور پھر اگر کوئی فریق بلا مقابلہ بھاگ گیا تو سمجھا جائیگا کہ وہ جھوٹا ہے خدا تعالیٰ کی اُس کے ساتھ کوئی تائید و نصرت نہیں ہے۔

ممکن ہے آپ یہ کہیں کہ میں تو میاں صاحب کی تمام شرائط کو مان ہی چکا ہوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خود تمہیں اعتراف ہے تو پھر مجھے کیوں کر فضول باتوں پر ضد کرنے والا کہہ سکتے ہو، تو میں عرض کرتا ہوں کہ آپ پر یہ الزام نہیں ہے، البتہ اسقدر آپ اور کریں کہ جامع مسجد بٹالہ یا کسی اور مقام پر مقابلہ کی شرط کو بھی اڑا دیں اور صاف صاف لکھدیں کہ حضرت میانصاحب کے ساتھ مقابلہ تفسیر نویسی کیلئے قادیان میں ہی جلسہ ہو جائے تو آپ کو منظور ہے ۵۳۔ نیز یہ کہ حضرت میانصاحب کو تین دن میں تین رکوع کی تفسیر لکھنا پسند ہے تو آپ یہ بھی مان لیں۔ اور اگر آپ کا خیال ہے کہ تین دن ہونے سے میانصاحب درمیانی وقفوں میں مطالعہ کرینگے یا دوسرے علماء سے مدد لینگے۔ تو آپ بھی تو اسطرح بالمقابل فائدہ اُٹھا سکتے ہیں ۵۴۔ گو میں جانتا ہوں کہ ایسا ہونے سے نشان ملتبس ہوتا ہے۔ مگر جب میانصاحب اس شرط کو نہیں چھڑاتے تو آپ ہی اپنی ضد چھوڑ دیں۔ یا یوں کر لیں کہ تین رکوع کی بجائے ایک رکوع کی تفسیر ایک دن کر لیں۔ دوسرے دن پھر قرعہ اندازی سے دوسرا رکوع نکال لیا جائے۔ اور اسی طرح تیسرے دن کیلئے تیسرا رکوع بھی تیسرے دن قرعہ اندازی سے نکال لیا جائے۔ گویا ہر روز ایسا رکوع ہوگا جس کے متعلق رات کو گھر میں تیاری کا موقعہ نہ ملیگا ۵۵۔ اور اگر آپ کو یہ تین دن لمبا عرصہ معلوم ہوتا ہے تو میں کہونگا کہ یہ آپ کی غلطی ہے کیونکہ کام بھی بہت عظیم الشان ہے اس کیلئے تین دن کوئی شئے نہیں ہیں۔ عمر الدین احمدی از دہلی

۹ اپریل ۱۹۳۲ء

میں یہ مضمون آپ کیلئے لکھکر بھیجنے میں ہچکچاتا تھا۔ کیونکہ میرے خیال میں اس سے آپ میانصاحب کو بدنام کرینگے۔ مگر مبائعین میانصاحب کی اصلاح کے خیال سے میں مجبوراً آپ کو یہ مضمون بھیجتا ہوں۔ آپ اگر اسے شائع کریں تو پورا پورا شائع کریں ورنہ نہ کریں۔" (عمر الدین احمدی ۲۔ مئی ۱۹۳۲ء)

۵۳ بٹالہ اس لئے میں نے منتخب کیا ہے کہ مرزا صاحب متوفی نے خود بٹالہ ہی کو منتخب کیا ہوا ہے (ملاحظہ ہو معیار الاخیار صفحہ ۳) ۵۴ میں اسکو ٹیوگ کی مثال سمجھتا ہوں ۵۵ یہ سب تجویزیں آپ کی ہیں ۴

۴ جبتک فریق ثانی بحیثیت ... نہ کرے ... ان پر غور بھی نہیں کرتا ہے (مرقع)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مرقع

آپ یا آپ جیسے کوئی اور کتنا ہی زور لگائیں خلیفہ صاحب نہ تفسیر نویسی کرینگے نہ مباہلہ کرنے آئینگے۔ محض حیلے بہانوں سے اپنے مریدوں کو قابو رکھینگے۔

حقیقت یہ ہے کہ خلیفہ قادیان یا امیر لاہور اپنے اتباع کی دیانت اور لیاقت کا اندازہ اس سے کرچکے ہیں کہ

مرزا صاحب بزرگ نے آخری فیصلہ میں صاف لکھا کہ مرزا اور ثناء اللہ میں سے پہلے مرنیوالا جھوٹا ہوگا۔ واقعہ بھی ایسا ہی ہوا۔

مگر مریدین کیا قادیانی کیا لاہوری برابر ڈٹے ہوئے ہیں۔ کیونکہ اُن کا اصول ہی یہ ہے ؎ پھرے زمانہ پھرے آسماں ہوا پھرجائے

بتوں سے ہم نہ پھریں ہم سے گو خدا پھرجائے

# "مہرشی" کون ہی سوامی دیانند یا بالمیک؟

جب سے ہندوؤں نے سیاسی غرض سے بھنگیوں کو ہندوؤں میں داخل کرکے "بھائی بھنگی" کہنا اور لکھنا شروع کیا، بھنگیوں کو بھی خیال ہونا لازمی تھا کہ ہمارا گرو بھی کوئی ہو اور وہ ہندوؤں اور آریوں سے کم نہ ہو۔ چنانچہ امرتسر کے بھنگیوں نے ایک طویل اشتہار دیا جس کی سرخی یوں ہے

## "مہرشی بالمیک جی کا مندر خطرے میں!"

اس سرخی کو دیکھکر ہمیں سوال پیدا ہوا جو بغرض حل ہم آریوں اور ہندوؤں کے سامنے پیش کرتے ہیں کہ

"مہرشی کون ہے؟ سوامی دیانند یا بالمیک؟"

"مرقع قادیانی" کے بہی خواہ اسکی توسیع اشاعت میں کوشش کریں۔

© rasailojaraid.com